www.understandquran.com

سبق - 3

عقائد اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت جو اللہ نے ہمیں عطا فرمائی ہے وہ ایمان کی نعمت ہے۔

حدیث رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: (قیامت کے دن) کوئی چیز میزان (اعمال کے ترازو) میں اچھے اخلاق سے زیادہ وزنی نہیں ہوگی۔ (ابو داود: 4799)

دعا وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ (المؤمنون:118)

ترجمہ: اے میرے رب! آپ بخش دیجیے اور رحم فرمائیے، اور آپ ہی سب سے بہترین رحم کرنے والے ہیں۔

سیرت رسول ﷺ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ تمام لوگوں میں سب سے اچھے اخلاق والے تھے۔ (مسلم: ۲۳۱۰)

رسول اللہ ﷺ سلام اور مسکراہٹ کے ساتھ لوگوں کا استقبال فرماتے تھے۔ لوگ آپ ﷺ کے اطراف صرف آپ کے روشن چہرہ کو دیکھنے اور آپ کی گفتگو سننے کے لیے جمع ہو جاتے تھے۔

اخلاق و آداب گھر میں یہ کام نہ کریں:

1. چیخنا چلانا اور بدمزاجی سے پیش آنا
2. والدین کی فرمانبرداری نہ کرنا اور ہمیشہ کھانے یا کپڑے یا کسی اور چیز کے بارے میں شکایت کرتے رہنا
3. اپنے کمرے یا سامان کو بے ترتیب اور گندا رکھنا، گھر میں چیزوں کو ان کی جگہ پر نہ رکھنا
4. ہر وقت اپنے بھائیوں یا بہنوں کے ساتھ لڑتے رہنا اور دوسروں کے مقابلہ میں اپنے لیے زیادہ حصہ مانگنا